

## مِسٹر سکندر مُصطفیٰ خان (چیئرمین)

## (نان ایگزیکٹوڈائریکٹر)

مِسٹر سکندر مُصطفیٰ خان نے 1967ء میں این ای ڈی یونیورسٹی آف انجینئرنگ اینڈ ٹیکنالوجی کراچی سے مکینیکل انجینئرنگ میں گریجوایشن کی۔
اِنہوں نے 1970ء میں امپیریل کالج آف سائنس اینڈ ٹیکنالوجی لندن سے پروڈکشن انجیئرنگ میں ماسٹر ڈگری اور ڈپلومہ حاصل کیا۔مینجمنٹ میں مقامی اور بیرونی ممالک سے کورسسز بھی کیے۔1983ء میں ایڈوانس مینجمنٹ پروگرام انٹرنیشنل مینجمنٹ انسٹیٹیوٹ جنیوا،سوئیزرلینڈ اور لیڈرشِپ ڈویلپمینٹ پروگرام سینٹر آف کریٹولیڈرشِپ (کولوریڈو۔سپرنگ) یوایس سے حاصل کیا۔

1989ء میں انہوں نے فنانشیل مینجمینٹ کورس میں شمولیت اختیار کی۔اور 1990ء میں مینجمینٹ کورس سٹاف کالج لاہور سے کیا۔اور پھر 1993ء میں سٹریٹجی برائے بزنس اِن ڈویلپنگ کنٹریز LUMS لاہور سے کورس کیا۔

مسٹر خان کو 1985ء میں ملّت ٹریکٹرز لمیٹڈ کا مینجنگ ڈائریکٹر/ چیف ایگزیکٹو بنادیا گیا جو کہ پبلک سیکٹر میں منسٹری آف پروڈکشن کے تحت ادارہ تھا۔اُنہیں ٹریکٹرز کے پُرزہ جات مقامی سطح پہ بنانے کیلیۓ گورنمنٹ کی پالیسی کے تحت اِن ہاؤس اور وینڈنگ ایسوسی ایٹس دونوں لیول پہ معاون مقرر کیا گیا۔

گورنمنٹ کی پرائیوٹائزیشن کی پالیسی کی کوشش میں اُنہوں نے ایم ٹی ایل کی ایمپلائز بائی آوٗٹ میں اپنی ٹیم کی کامیابی سے راہنمائی کی اور پھر 1991ء میں کمپنی کے چیف ایگزیکٹو اور بورڈ کے چیئرمین منتخب کر لیے گے۔علاوہ ازیں وہ ملّت ٹریکٹرز کی ذیلی کمپنیز جس میں ملّت ایکوپمینٹ لمیٹڈ اور بولان کاسٹنگ لمیٹڈ شامل ہیں اِن کے بھی چیئرمین بنا دیے گے۔

مسٹر خان دیگر بہت سی پبلک اور پرائیویٹ سیکٹر کی آرگنائزیشن کے بورڈ پر خدمات سرانجام دے چُکے ہیں۔گورنمنٹ آف پاکستان (انجینئرنگ ڈویلپمنٹ بورڈ) اور حبیب بینک کے بورڈ پر بطورِ ڈائریکٹر مارچ 2010ء سے لے کر اپریل 2013ء تک خدمات سرانجام دیں جو پرائیویٹ سیکٹر میں سب سے بڑا بینک ہے
اِنہیں آٹوموٹیو اور انجینئرنگ انڈسٹری میں مختلف قسم کے تجربات حاصل ہیں۔خان صاحب 1972ء سے مذکورہ انڈسٹری سے منسلک ہیں۔
مسٹر خان LUMS اور نَمل یونیورسٹی کے بورڈ پہ بطورِ ڈائریکٹر بھی خدمات سرانجام دے رہے ہیں
سکندر مصطفٰی خان 1997ء تا 1998ء میں لاہور چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری میں بطورِ وائس پریزیڈنٹ بھی رہ چکے ہیں۔
مسٹر خان پاکستان بزنس (پی بی سی) کے منتخب شدہ چیئرمین بھی رہ چُکے ہیں جو کہ ایک بزنس پالیسی کی وکالت بھی کرتی ہے اور تحقیقی ادارہ بھی ہے جو کہ گورنمنٹ و دیگر سٹیک ہولڈرز بشمول بین الاقوامی مالی ادارں اور بیرونی ممالک کے سفارت کاروں کیساتھ رابطے میں رہتی ہے۔
پاکستان بزنس کونسل (پی بی سی) 2005ء میں قائم کی گی اور یہ پرائیویٹ سیکٹر میں کارپوریٹ سیکٹر میں بہت بڑے اداروں میں سے ایک ہے جسکی بدولت پاکستان کی اکنامی میں بہت بڑی سرمایہ کاری ممکن ہوئی فی الوقت مسٹر خان انسٹیٹیوٹ آف میکینیکل انجینئرز پاکستان چیپٹر (یو۔کے) برطانیہ کے منتخب شُدہ چیئرمین ہیں جو کہ ایک بین الاقوامی لندن بَیس آرگنائزیشن ہے۔مسٹر خان امریکن پاکستان بزنس فورم کی ایگزیکٹیو کمیٹی کے 2013ء سے ممبر بھی چلے آ رہے ہیں۔

تفصیل برائے رابطہ۔14-فلور،ٹرائی کون کارپوریٹ سینٹر،73 غوث الاعظم (جیل) روڈ لاھور–پاکستان



## مسٹرسہیل بشیررانا (ایگزیکٹوڈائریکٹر)

مسٹرسہیل بشیررانا(1970)یونیورسٹی آف انجنیئر نگ اینڈٹیکنالوجی لاہور کےکوالیفائیڈمکینکل انجنیئر ہیں۔ جنکااندرون اور بیرون ملک آٹوموبائل انڈسٹری سے متعلقہ 52 سال سے زیادہ کا تجربہ ہے۔انہوں نے مینجمینٹ کے شعبہ میں بہت سے مقامی اور بیرونی مما لک سےکورسسز بشمول مینجمینٹ پروگرام یو۔کے،لاہور(LUMS یونیورسٹی آف مینجمینٹ سائنسزاوردیگر بہت سے شعبہ جات مثلاً ٹیکنیکل،فنانس،اور مارکیٹنگ میں لاتعدادکورسسز یو۔کے،یو۔اے۔ای اور اِٹلی وغیرہ سے کیے۔

وہ انسٹیٹوٹ آف انجینئرز پاکستان اورانسٹیٹوٹ آف میکینکل انجیئرز پاکستان کے فیلوممبر بھی ہیں۔علاوہ ازیں وہ امریکن سوسائٹی آف میکینکل انجینئرزاورسوسائٹی آف آٹوموٹوانجینئرز یوایس اے کے بھی ممبر ہیں۔

آپ پچھلے 44 سالوں سے مّلت ٹریکٹرزلمیٹڈ کے ساتھ مختلف عہدوں میں منسلک رہے۔جس میں انہوں نے ٹیکنیکل،مارکیٹنگ اورفنانس ڈیپارٹمنٹس کو ہیڈکیا۔سال 2006 میں مّلت ٹریکٹرزلمیٹڈ(MTL)کے چیف ایگزیکٹو کے عہدہ پر فائز ہونے سے پہلے انہوں نے میجنگ ڈائریکٹر کے طور پر بھی کام کیا۔

مسٹرسہیل بشیررانا سال 1993 سے 2005 تک مّلت ایکوئپمنٹ لمیٹڈ جوکہ مّلت گروپ کی کمپنی ہے کے پہلے چیف ایگزیکٹو بھی رہے۔یہ کمپنی میسی فرگوسن ٹریکٹرز کے لیے بہترین گیئرز،ٹرانسمشن کے پُرزے اورسب اسمبلیز بنارہی ہے۔آپ ملّت ٹریکٹرزلمیٹڈ،ہنڈائی نشاط موٹرز (پی وی ٹی) لمیٹڈاور بولان کاسٹنگزلمیٹڈ کے بورڈ کے ڈائریکٹر بھی ہیں اور اِس کے علاوہ UAE بیسڈ کمپنی ٹائی پیگ لمیٹڈ(.TIPEG INTERTRADE DMCC Ltd)کےمیجنگ ڈائریکٹر بھی ہیں۔

اس کے علاوہ آپ پاکستان آٹوموبائل مینوفیکچرنگ ایسوسی ایشن(PAMA)کے چیئرمین بھی رہ چکے ہیں اوراس وقت اس کی ایگزیکٹوکمیٹی میں شامل ہیں۔

تفصیل برائے رابطہ۔14-فلور،ٹرائی کون کارپوریٹ سینٹر،73 غوث الاعظم (جیل) روڈلاھور–پاکستان



## مسٹرلئیق الدّین انصاری (نان ایگزیکٹوڈائریکٹر)

مسٹرلئیق الدّین انصاری یونیورسٹی آف انجنیئر نگ اینڈٹیکنالوجی لاہور سے مکینیکل انجینئر ہیں اورانہیں پاکستان کے آٹوموبائل سیکٹر میں 50 سالوں کا تجربہ حاصل ہے۔اُنہوں نے بہت سے مقامی وبین الاقوامی ٹریننگ پروگرامز،سیمینارز اور کانفرسوں میں حصہ لیا۔اُنہوں نے 1983ء میں ملّت ٹریکٹرزلمیٹڈ میں شمولیت اختیار کی۔اوراس وقت سے اب تک مختلِف حیثیتوں سے ملّت ٹریکٹرز کیساتھ وابستہ ہیں۔2012ء کے آغاز تک وہ ملّت ٹریکٹرزلمیٹڈ کے چیف ایگزیکٹوآفیسر بھی رہے۔

تفصیل برائے رابطہ۔14-فلور،ٹرائی کون کارپوریٹ سینٹر،73 غوث الاعظم (جیل) روڈلاھور–پاکستان



## مسٹرسعداقبال (نان ایگزیکٹوڈائریکٹر)

مسٹرسعداقبال جوان۔پُراعتماد۔پُرکشش،سرگرم انسان ہیں۔اُنہوں نے 2007ء میں کیورے کالج۔یو۔ایس۔اے سے تعلیم حاصل کی۔تعلیم میں اُن کا میجرانٹرنیشنل کیمونیکیشن کا شعبہ تھا۔2009ء میں کنگسٹن یونیورسٹی یو۔کے سے انہوں نے فنانشل ریسورسیز مینجمینٹ آپریشنل مینجمینٹ ،مارکیٹیگ ،انٹرنیشنل فنانشل مارکیٹس (اورانٹرنیشنل بزنس بطورِمینجر ) میں ماسٹرڈگری حاصل کی۔علاوہ ازیں مسٹرسعداقبال نے 2011ء میں لاہور یونیورسٹی آف مینجمنٹ سائنسز سے فنانس اور نان فنانشل مینیجرز کے شعبہ میں سرٹیفیکیٹ بھی حاصل کیا۔2011ء میں کے ایس بی ایل سے کیپِٹل مارکیٹ اینڈ فنانس۔اور پھرآئی۔بی۔اے سے 2012ء میں انہوں نے فنانشل موڈِلنگ کے شعبہ جات میں سرٹیفیکیٹ بھی حاصل کیے۔

تفصیل برائے رابطہ۔36-ایف،بلاک-6،پی.ای.سی.ایچ.ایس، کراچی-پاکستان



## مسٹر قیصر سلیم (نان ایگزیکٹو ڈائریکٹر)

مسٹر قیصر سلیم یونیورسٹی آف انجینئرنگ اینڈ ٹیکنالوجی لاہور سے کوالیفائیڈ سول انجینئر ہیں۔ انہوں نے فنانس میں سپیشلائزیشن کے ساتھ بزنس ایڈمنسٹریشن میں ماسٹر ڈگری حاصل کی اور ٹیکس ایشن لاء میں پنجاب یونیورسٹی سے پوسٹ گریجوایٹ ڈپلومہ حاصل کیا۔ وہ پاکستان انجینئرنگ کونسل کے ممبر بھی ہیں اور انہوں نے primavera میں سرٹیفیکیشن حاصل کی اور رئیل ٹائم کے منصوبوں کی منصوبہ بندی، انتظام اور ان پر عمل درآمد کے لیے ایک انٹرپرائز پراجیکٹ مینجمنٹ پروگرام شروع کیا۔

وہ تعمیراتی صنعت، پروجیکٹ مینجمنٹ، بینکنگ اور غیر ملکی تجارت کے شعبے میں پیشہ ورانہ تجربہ رکھتے ہیں۔ وہ اس ٹیم کا بھی حصہ تھے جنہوں نے ایک بڑے کمرشل بینک کا سنٹرلائزڈ فارن ٹریڈ یونٹ کامیابی سے شروع کیا اور اسے قائم کیا۔ انہوں نے متعدد تربیتی پروگراموں، ورکشاپس اور کانفرسوں میں بھی شرکت کی۔

**تفصیل برائے رابطہ: B-251 ، ڈی۔ایچ۔اے، ای۔ایم۔ای سیکٹر، ملتان روڈ، لاہور۔**



## مسٹر محمد مصطفی سہیل (نان ایگزیکٹو ڈائریکٹر)

مسٹر مصطفیٰ سہیل نے اپنی اسکولنگ ایچی سن کالج لاہور سے مکمل کی، بیچلرز مکینیکل انجینئرنگ میں یونیورسٹی آف مانچسٹر سے اور ماسٹرز مینجمنٹ میں امپیریل کالج لندن سے کیا۔ انہوں نے لمز اور پی آئی سی جی میں کئی تربیتی پروگرامز اور سیمینارز میں بھی شرکت کی ہے۔

ان کے پاس مینوفیکچرنگ، کوالٹی اشورنس اینڈ کنٹرول (QA&C)، پراجیکٹ مینجمنٹ، اور نئے پروڈکٹ کی ڈیولپمنٹ میں 16 سال سے زیادہ کا متنوع تجربہ ہے۔ انہوں نے اٹلس ہونڈا لمیٹڈ میں پروڈکشن اور کوالٹی ڈیپارٹمنٹس میں بطور انجینئر کام کیا۔ اٹلس ہونڈا لمیٹڈ میں اپنے وقت کے بعد، انہوں نے پاکستان کے چھوٹے اور درمیانے درجے کے کاروبار (SMEs) کے کام اور چیلنجز کو قریب سے سمجھنے کا تجربہ حاصل کیا، خاص طور پر آٹوموٹیو اینڈ انڈسٹری پر توجہ مرکوز کرتے ہوئے، اور اس کے بعد اپنے کاروبار شروع کیے۔

وہ ایروہیڈ انجینئرنگ کے بانی چیف ایگزیکٹو ہیں، جسے 2017 میں ایک گرین فیلڈ پروجیکٹ کے طور پر قائم کیا گیا تھا اور یہ فی الحال پاکستان میں سب سے بڑے آٹوموٹیو فاسٹنر مینوفیکچرنگ یونٹس میں سے ایک ہے جو بڑے آٹوموٹیو OEMs کو خدمات فراہم کر رہا ہے۔

وہ ملت انڈسٹریل پروڈکٹس لمیٹڈ، ملت ایکوپمنٹ لمیٹڈ اور ایروہیڈ (پرائیویٹ) لمیٹڈ کے ڈائریکٹر بھی ہیں۔

**تفصیل برائے رابطہ: 302-300، سُندر انڈسٹریل اسٹیٹ، رائے ونڈ روڈ، لاہور۔**



## مسٹر محمد مصطفی خان (نان ایگزیکٹو ڈائریکٹر)

مسٹر محمد مصطفیٰ خان نے 2021 میں یونیورسٹی آف ٹورنٹو سے سوشل ورک میں ماسٹرز مکمل کیا۔ ان کے سرٹیفیکیشنز ان کی نیریٹو تھراپی اور سائیکو اینالیسس میں مہارت کا ثبوت ہیں۔ ان کے سرٹیفیکیشنز میں اسپتالوں میں بین الشعبہ جاتی صحت کی دیکھ بھال، بچوں کی گود لینے اور بچوں کی فلاح و بہبود سے متعلق تربیت بھی شامل ہے۔

انہوں نے 2016 میں یونیورسٹی آف ویسٹرن اونٹاریو، کینیڈا سے نفسیات میں بیچلرز کی ڈگری حاصل کی اور گریجویشن کے بعد ٹورنٹو کے ہسپتال فار سک چلڈرن میں ایک تحقیقی پوزیشن پر کام کیا۔ ماسٹرز کی تعلیم کے دوران، خان نے ورک مین آرٹس میں کلیدی کارکن کے طور پر کام کیا، جو کہ مرکز برائے نشہ اور ذہنی صحت میں کمیونٹی کی بنیاد پر ایک خدمت ہے۔ اس کے علاوہ خان نے ٹورنٹو کے چلڈرن ریسورس اینڈ کنسلٹیشن سینٹر میں بچوں کو گود لینے کی خدمات کے ساتھ بھی کام کیا، جہاں انہوں نے ایگزیکٹو ڈائریکٹر، مسٹر مائیکل بلوگرمین کے تحت کام کیا۔

خان کا ماننا ہے کہ ملت ٹریکٹرز کی کامیابی صنعت کے اراکین کے مابین باہمی احترام اور اعتماد پر مبنی ہے، جس میں انتظامیہ، ملازمین اور وینڈنگ ایسوسی ایٹس شامل ہیں۔ بطور ڈائریکٹر اپنے کردار میں وہ ان خصوصیات کو برقرار رکھنا چاہتے ہیں جو احترام اور ہم آہنگی کو فروغ دینے والے فیصلے کے ماحول کو پروان چڑھاتی ہیں۔ خان کے نزدیک بورڈ ممبران اور چیف ایگزیکٹو کے درمیان اعتماد کمپنی کی کارکردگی بڑھانے کے لیے انتہائی ضروری ہے۔ ان کا یہ بھی ماننا ہے کہ تمام فیصلے شیئر ہولڈرز کے مفادات کا توازن قائم کرتے ہوئے، پاکستانی کسان اور زرعی کمیونٹی جیسے اسٹیک ہولڈرز کے حقوق کے تحفظ کے ساتھ کیے جائیں۔

*تفصیل برائے رابطہ:* **30-D**، سرور روڈ، لاہور کینٹ۔



## مسٹر مراد نصیر الدین انصاری (نان ایگزیکٹو ڈائریکٹر)

مسٹر مراد انصاری مکینیکل انجینئر ہیں جنہیں ای پی سی انڈسٹری میں 15 سال سے زیادہ کا تجربہ ہے۔ انہوں نے کینیڈا، مشرق وسطیٰ، اور پاکستان میں کئی بڑے آئل اینڈ گیس، مائننگ، اور کیمیکل پائپ لائن پروجیکٹس پر کام کیا ہے۔

انہیں پراجیکٹ مینجمنٹ، انجینئرنگ ڈیزائن، اور انجینئرنگ پروکیورمنٹ میں متنوع تجربہ حاصل ہے۔ وہ کینیڈا میں لائسنس یافتہ پروفیشنل انجینئر (PE) بھی ہیں۔

*تفصیل برائے رابطہ:* **16-B-ii**، ماڈل ٹاؤن، لاہور۔



## مسٹر محمد جاوید رشید (انڈیپنڈنٹ ڈائریکٹر)

مسٹر جاوید کارپوریٹ بینکنگ، رسک مینجمنٹ اور کوالٹی اشورینس کے شعبوں میں 50 سال سے زیادہ کا تجربہ رکھنے والے انتہائی تجربہ کار، نتائج پر مبنی، پیشہ ور بینکر ہیں۔ ان کی حالیہ ذمہ داریوں میں الخبیر کیپیٹل کے اندر تمام کلیدی انتظامی کمیٹیوں کے سیکرٹری شامل ہیں جو کہ انہوں نے 2004ء میں مشترکہ طور پر قائم کی تھیں۔ وہ بحرین اور سعودی عرب کے کاروباری کلچر اور ریگولیٹری ماحول سے اچھی طرح واقف ہیں جہاں وہ تقریباً 44 سالوں سے مقیم ہیں۔ الخبیر سے پہلے، مسٹر جاوید نے پاکستان اور خلیج کے اعلیٰ بین الاقوامی اور علاقائی بینکوں کے ساتھ ساتھ بینک آف امریکہ، امریکن ایکسپریس بینک، چیس مین ہٹن بینک، سعودی انویسٹمنٹ بینک اور نیشنل کمرشل بینک میں بھی کام کیا۔ انہوں نے پاکستان میں پنجاب یونیورسٹی سے ماسٹر کی ڈگری حاصل کی ہے۔

*تفصیل برائے رابطہ:* **37**۔ وائرلیس کمپاؤنڈ، عزیز بھٹی روڈ، لاہور۔ کینٹ، پاکستان



## مسٹر نصر الصمد قریشی (انڈیپنڈنٹ ڈائریکٹر)

مسٹر قریشی ایک تجربہ کار انشورنس پروفیشنل ہیں جن کا انشورنس انڈسٹری میں تقریباً 47 سالوں کا تجربہ ہے۔ انہوں نے اپنے کیریئر کا آغاز 1974ء میں پاکستان میں کیا اور 1977ء میں متحدہ عرب امارات چلے گئے جہاں انہوں نے تقریباً 30 سال تک مختلف انشورنس کمپنیوں میں اعلیٰ عہدوں پر خدمات انجام دیں۔ 2006ء میں، وہ الفلاح انشورنس کمپنی قائم کرنے کے لیے واپس پاکستان آ گئے جہاں انہوں نے 2006ء میں کمپنی کے قیام سے لے کر 31 مارچ، 2019ء کو رضاکارانہ ریٹائرمنٹ تک کمپنی کے بانی منیجنگ ڈائریکٹر اور سی ای او کے طور پر خدمات انجام دیں۔

الفلاح انشورنس سے ریٹائرمنٹ کے بعد، انہوں نے ایک ایڈوائزری انشورنس فرم قائم کی۔ جسے تمین ٹیک انشورنس ایڈوائزری پرائیویٹ لمیٹڈ کے نام سے جانا جاتا ہے۔

وہ حال ہی میں 5th Pillar Family Takaful Limited کے بانی سی ای او کے طور پر منسلک ہوئے ہیں جس کی اکثریت کویت کے معروف کاروباری گھرانوں کی ملکیت ہے اور جسے پاکستان کے معروف سرمایہ کاروں کی حمایت حاصل ہے۔ اور یہ 2022ء کی دوسری سہ ماہی میں کاروبار شروع کرنے کی توقع رکھتی ہے۔

انہوں نے 2015/16ء میں سینئر وائس چیئر مین اور اس سے قبل 2011ء میں انشورنس ایسوسی ایشن آف پاکستان کے وائس چیئر مین کے طور پر خدمات انجام دیں۔ اس کے علاوہ، انہوں نے سال 2013ء اور 2014ء کے لیے لاہور انشورنس انسٹی ٹیوٹ کے چیئر مین کے طور پر بھی خدمات انجام دیں۔

انہیں 2012ء میں ایس ای سی پی کی جانب سے بنائی گئی انشورنس انڈسٹری ریفارمز کمیٹی کے لیے نامزد کیا گیا اور انہوں نے آپریشنل چیلنجز سب کمیٹی کے چیئر مین کے طور پر خدمات انجام دیں۔ 31 مارچ 2019ء کو الفلاح انشورنس سے رضا کارانہ ریٹائرمنٹ تک، انہوں نے سال 2018/19ء کے لیے انشورنس ایسوسی ایشن آف پاکستان کے چیئر مین کے طور پر خدمات انجام دیں اور نیشنل فنانشل انکلوژن اسٹریٹجی اسٹیئرنگ کمیٹی میں انڈسٹری کی نمائندگی کی۔ انہیں 2020ء میں وزارت تجارت کی طرف سے قائم کردہ نیشنل ٹاسک فورس برائے انشورنس سیکٹر ریفارمز کی کور کمیٹی میں بھی نامزد کیا گیا جس کی سربراہی ڈاکٹر شمشاد اختر بطور چیئر پرسن کر رہی تھیں۔

سماجی شعبے کی شراکت کے طور پر، وہ 2015ء سے CYTE فاؤنڈیشن (www.cytefoundation.com) کے وائس چیئر مین کے طور پر خدمات انجام دے رہے ہیں۔ CYTE ایک این جی او ہے جو پاکستان میں پسماندہ بچوں کی تعلیم کے لیے وقف ہے۔

تفصیل برائے رابطہ: 158۔ڈی، پارک ویو، ڈی۔ایچ۔اے، فیز۔8، لاہور کینٹ، پاکستان



## مسٹر منظور احمد (انڈیپنڈنٹ ڈائریکٹر)

مسٹر منظور احمد نیشنل انویسٹمنٹ ٹرسٹ لمیٹڈ (NIT) کے چیف آپریٹنگ آفیسر (COO) ہیں۔ بطور COO، وہ کامیابی سے 140 ارب روپے سے زائد کے آپریشنز اور سرمایہ کاری کے پورٹ فولیو کا انتظام کر رہے ہیں۔ انہیں میوچل فنڈ انڈسٹری میں 33 سال سے زائد کا تجربہ ہے اور انہوں نے NIT میں مختلف کلیدی عہدوں پر خدمات انجام دی ہیں، جن میں کیپٹل مارکیٹ آپریشنز، سرمایہ کاری مینجمنٹ، پروڈکٹ ڈیولپمنٹ، تحقیق، اور ریگولیٹری اتھارٹیز کے ساتھ روابط شامل ہیں۔ انہوں نے دو مرتبہ مئی 2013 سے مئی 2014 اور ستمبر 2017 سے فروری 2019 تک این آئی ٹی کے منیجنگ ڈائریکٹر (ایکٹنگ) کے طور پر بھی خدمات انجام دی ہیں۔ انہوں نے ایم بی اے کیا ہے اور ڈی اے آئی بی پی کی سند بھی رکھتے ہیں۔ وہ انسٹی ٹیوٹ آف بینکرز پاکستان کے کونسل ممبر بھی رہ چکے ہیں اور اس وقت چارٹرڈ فنانشل اینالسٹ (CFA) لیول III کی تعلیم حاصل کر رہے ہیں۔ مسٹر احمد نے لندن بزنس اسکول (LBS) یو کے، انسٹی ٹیوٹ آف ڈائریکٹرز لندن اور فنانشل مارکیٹس ورلڈ نیو یارک (USA) جیسے عالمی شہرت یافتہ اداروں سے مختلف تربیتی کورسز میں بھی شرکت کی ہے۔

مسٹر احمد کے پاس پاکستان کی مختلف اعلیٰ درجہ کی کمپنیوں کے بورڈز پر خدمات انجام دینے کا وسیع تجربہ ہے، جو ملک کی مختلف معاشی شعبوں سے تعلق رکھتی ہیں۔ اس وقت وہ NIT کی نمائندگی کرتے ہوئے پاکستان کے متعدد قومی اور بین الاقوامی اداروں بشمول کمرشل بینکوں کے بورڈ آف ڈائریکٹرز پر بطور نامزد ڈائریکٹر خدمات انجام دے رہے ہیں۔ مسٹر احمد پاکستان انسٹی ٹیوٹ آف کارپوریٹ گورننس سے سرٹیفائیڈ ڈائریکٹر ہیں۔

مسٹر احمد ڈیفنس اتھارٹی کنٹری اینڈ گالف کلب– کراچی، روٹری کلب– کراچی کے رکن ہیں اور ایک ہسپتال کی ایگزیکٹو کمیٹی کے رکن بھی ہیں جو کم آمدنی والے طبقے کی فلاح و بہبود کے لئے کام کرتی ہے۔

تفصیل برائے رابطہ: D-283، نیوی ہاؤسنگ اسکیم، زمزمہ، کلفٹن، کراچی



## مس زارہ سلیمان بنڈیال (انڈیپنڈنٹ ڈائریکٹر)

محترمہ زارا سلمان بندیال ایک ماہر معاشیات اور پبلک پالیسی کی ماہر ہیں، جنہیں عطیہ دہندگان تنظیموں اور اعلی سطح پر پالیسی سازوں کے ساتھ کام کرنے کا ایک دہائی سے زائد پیشہ ورانہ تجربہ حاصل ہے۔ انہیں مختلف شعبوں میں تحقیق کرنے کا وسیع علم اور تجربہ ہے، خصوصاً صنعت اور تجارت کے میدان میں۔ ان کے پاس مؤثر تحقیقاتی ٹیمیں بنانے، پروجیکٹ ڈیزائن اور عمل درآمد، متعدد شراکت داروں کے درمیان رابطے، اور حکمت عملی پر مبنی تعلقات کی تعمیر کا انتظامی تجربہ بھی ہے۔

انہوں نے لندن اسکول آف اکنامکس، برطانیہ سے ڈویلپمنٹ اسٹڈیز میں ایم ایس سی اور لاہور یونیورسٹی آف مینجمنٹ سائنسز سے معاشیات میں بی ایس سی (آنرز) مکمل کیا ہے۔

محترمہ زارا 2013 سے ایک آزاد تھنک ٹینک، کنسورشیم ڈیولپمنٹ پالیسی ریسرچ (سی ڈی پی آر) سے وابستہ ہیں۔ وہ اس سے پہلے سینئر ریسرچ ایسوسی ایٹ کے طور پر تحقیقاتی سرگرمیوں کی سربراہی کر چکی ہیں اور اس وقت سی ای او کے عہدے پر خدمات انجام دے رہی ہیں۔

تفصیل برائے رابطہ: ہاؤس نمبر 15، فالکنز اینکلیو، طفیل روڈ، لاہور کینٹ